Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگانِ اعلیحضرت حضورِ پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۳۱	مطبوعہ روزِ دوشنبہ تاریخ ۵ رجب المرجب ۱۳۳۷ھ مطابق ۷ اپریل سنہ ۱۹۱۹ء	نمبر ۱۴

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	اضافہ سید سجاد حسین سب انسپکٹر پولیس۔	۱
۲	بابو کنور بہادر لال صاحب۔	۲
۳	رخصت [illegible]	۳
۴	تقرر سید عابد حسین۔	=
۵	رخصت صاحب [illegible] بہادر۔	=
۶	رخصت اہلمد عدالت اپیل [illegible]۔	=
۷	رخصت سید حسن ملازم کتب خانہ۔	=
۸	نقشہ [illegible]	ضمیمہ

ملخص احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اضافہ

۲۴ مارچ سنہ ۱۹۱۹ء

حسب ڈی او صاحب ریونیو سکریٹری بہادر موسومہ صاحب چیف سکریٹری بہادر سید سجاد حسین سب انسپکٹر پولیس کی تنخواہ موجودہ میں دس روپیہ ماہوار اضافہ منظور فرمایا گیا۔

تقرر

۲ر اپریل ۱۹۱۹ء

حسب رپورٹ میر منشی صاحب دارالانشاء، بابو کنور بہاری لال کا تقرر بعہدہ فرسٹ اسسٹنٹ بمشاہرہ ساٹھ روپیہ ماہوار منظور فرمایا گیا۔

ملخص احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۲۶ر مارچ ۱۹۱۹ء

حسب رائے سررشتہ دار صاحب صدر و حاکم صاحب صدر۔ رخصت چندی پرشاد اہلمد سررشتہ اصلاع قینولیس صدر بوجہ علالت تا آخر اپریل ۱۹۱۹ء بلا تنخواہ منظور ہوئی۔ ہر بھا سروپ اہلمد مشاہرہ دار بارہ روپیہ ماہوار رخصتی کا کام سولہ روپیہ ماہوار پر جو اصل رخصتی پاتا تھا انجام دیگا۔ اور ہر بھا سروپ کی جگہ رام سروپ پسر چندی پرشاد کام کریگا۔ اور بارہ روپیہ تنخواہ جو اصل کو ملتی تھی وہ پائیگا۔

تقرر

۲۰ر مارچ ۱۹۱۹ء

حسب سفارش صاحب مہتمم بندوبست۔ سیّد عابد حسین کا تقرر بجائے ہر پرشاد متوفی گرداور قانون گوئے تحصیل شاہ آباد مشاہرہ دار بائیس روپیہ ماہوار بیس روپیہ ماہوار پر منظور ہوا۔

ملخص احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

یکم اپریل ۱۹۱۹ء

رخصت مزید یک ہفتہ صاحب ڈسٹرکٹ و سشن جج بہادر بانتظام سابقہ بوجہ علالت منظور ہوئی۔

۲ر اپریل ۱۹۱۹ء

حسب ملاحظہ تحریر صاحب مجسٹریٹ ضلع۔ رخصت پچیس یوم معلوم بہ نواز رسول اہلمد اپیل عدالت فوجداری ضلع ذمہ داری کام میرزا رشید حسن بیگ اہلمد عدالت فوجداری ضلع منظور کی گئی۔

ملخص حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

رخصت

۲۴ر مارچ ۱۹۱۹ء

رخصت اٹھارہ یوم معلوم بہ سید حسن ملازم کتب خانہ بوجہ علالت من ابتدائے ۲۴ر مارچ ۱۹۱۹ء لغایت ۱۰ر اپریل حسب سارٹیفکیٹ معالج منظور ہوئی۔

سرکاری پریس ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

نقشہ اجناس ریاست رامپور من ابتداے ۹ مارچ لغایت ۱۵ اپریل سنہ ۱۹۱۹ء

نام جنس	صدر تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۵؎۱۰ ار	۶ ار	۵ ار	۱۰۵ ار	۵؎ ار	۱۰۵ ار / ۶ ار	
نخود خالص	۵؎۱۰ ار	۶ ار	۶ ار	۱۰۵ ار	۵ ار	۱۰۵ ار	
نخود کسہ آمیز	۱۰۵ ار	۱۰۷ ار	۶؎ ار	۶ ار	۶ ار	۶ ار	
کسہ	۷؎ ار	•	۱۰۴ ار	•	۷؎ ار	۱۰۶ ار	
ماش	۱۰۳ ار	•	۳ ار	۱۰۳ ار	۳؎ ار	۳ ار	
مونگ	۲؎۱۰ ار	•	۱۰۲ ار	۲؎۱۰ ار	۳ ار	۳ ار	
مکا	۵؎ ار	۱۰۷ ار	۱۰۷ ار	۷ ار	۹؎ ار	۷ ار	
جئی	۷ ار	•	•	•	۸ ار	۹ ار	
گوجی	•	•	•	•	۶ ار	۷ ار	
مسور	۷ ار	۶ ار	۱۰۷ ار	•	۸ ار	۱۰۵ ار	
ارہر	۴؎ ار	•	۸ ار	•	۴ ار	•	
برنج	۴ ار	۴ ار	۳ و ۴ ار	۴ ار	۴ ار	۳ ار	
روغن زرد	۱۱۱ ار	۱۰ ار	۱۰ ار	۱۱۱۰ ار	۱۰ ار	۱۰ ار	
روغن سیاہ	۱۱ ار	۱۰۱ ار	۱ ار	۱۰۱ ار	۱ ار	۱۰۱ ار	
روغن کنجد	۱ ار	۱ ار	۱ ار	•	۱ ار	۱ ار	
نمک سانبھر	۱۳ ار	۱۱ ار	۱۱ ار	۱۱۰ ار	۱۱۰۱ ار	۱۱۰۱ ار	
نمک لاہوری	۷ ار	۱۰۵ ار	۶ ار	۶ ار	۸ ار	۷ ار	
قند سیاہ	۴ ار	۳ ار	۳ ار	۱۰۳ ار	۴ ار	۱۰۳ ار	

سرکاری پریس ریاست رامپور